سرسری مطالعہ

میرا وطن



یہ میرا وَطن ہے
یہ میرا وطن
وہ چڑیا، وہ طوطا، وہ مینا، وہ مور وہ کوئل، وہ بلبل، وہ قُمری، چکور
وہ جھیلوں کی لہریں، وہ دریا کا زور وہ جھرنوں کا گرنا، وہ پانی کا شور
وہ سرسبز اس کے پہاڑ اور بَن
یہ میرا وطن ہے، یہ میرا وطن

وہ غلّے وہ میوے وہ ترکاریاں　　وہ خوش رنگ پھولوں کی گُل کاریاں
وہ سَر سبز باغوں کی پُھلواریاں　　وہ سَیراب اور خُوش نُما کیاریاں
زمینیں وہ زَر خیز دِلکش چمن
یہ میرا وَطن ہے، یہ میرا وَطن

پہاڑوں کا منظر بنوں کا سماں　　ہیں ان میں ہزاروں ہی چشمے رواں
کہاں تک بیاں اس کی ہوں خوبیاں　　ہے فردوس کا اس چمن پر گُماں
یہ باغ اِرم ہے یہ باغِ عدن
یہ میرا وطن ہے، یہ میرا وطن

(شفیع الدین نیّر)